تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 16 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ایمی یافتہ صحافی محترمہ روچیرا گپتا کا توسیعی خطبہ اور کتاب کی رسم رونمائی

سینٹر فار دی اسٹڈی آف سوشل ایکسلوژن اینڈ انکلوزیو پالیسی (سی ایس ایس ای آئی پی) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ایمی یافتہ صحافی محترمہ روچیرا گپتا بنیاد گزار اپنے اپ وومین ورلڈ وائڈ غیر سرکاری تنظیم کی کتاب 'آئی کک اور آئی فلائی' کی مورخہ تیرہ فروری دو ہزار چوبیس کو رسم رونمائی کی تقریب منعقد کی۔ اس کے بعد 'صنف، ذات اور عدم مساوات' کے موضوع پر مصنف کا ایک توسیعی خطبہ بھی ہوا۔ پروگرام کے مہمان خصوصی پروفیسر اقبال حسین، کارگزار شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ تھے۔ پروگرام کی صدارت پروفیسر مسلم خان، ڈین، فیکلٹی آف سوشل سائنس جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کی اور پروگرام کے دوسرے صدر سینٹر کی اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر تنوجا تھیں۔

قرآن کریم کی تلاوت سے پروگرام کا مبارک آغاز ہوا جس کے بعد ڈاکٹر شیخ مجیب الرحمان نے تعارفی تعارف پیش کیا اور پروفیسر تنوجا نے خیر مقدمی تقریر کی۔

محترمہ روچیرا گپتا نے اپنے کلیدی خطبے میں صنف، ذات اور طبقے کی انٹر سیکشنالیٹی کے متعلق گفتگو کی اور طبقات میں رہنے والی خواتین کی زمینی حقیقت سے روبرو کرایا۔ انھوں نے بطور صحافی اور بطور انسانی حقوق کارکن کے اپنے کام کے بیش قیمت تجربات حاضرین کے ساتھ ساجھا کیے اور بتایا کہ ان خواتین کی زبوں حالی دیکھ کر کس طرح انصاف کے لیے ان کے دل میں جذبہ بیدار ہوا۔ انھوں نے بتایا کہ کس طرح مرد اساس معاشرے کے طفیل بچیاں کھانے پینے کی چیزوں، کپڑے اور گھر جیسی بنیادی ضرورتوں سے محروم رہ جاتی ہیں اور غیر قانونی انسانی اسمگلنگ کے خطرات ان پر منڈلانے لگتے ہیں۔ اس کے بعد سوال و جواب کا سیشن ہوا جس حاضرین نے فکر انگیز سوالات پوچھے۔

پروفیسر اقبال حسین نے اس موقع پر کہا کہ باوجود اس کے ہمارا آئین ہر فرد کے لیے انصاف اور مساوات کی ضمانت دیتا ہے تاہم ناانصافی ہو رہی ہیں اور قحبہ گری میں ڈال دیے جانے کی وجہ سے خواتین کی زندگیاں تباہ ہو رہی ہیں۔

پروفیسر مسلم خان نے ہر فرد کی ذمہ داریوں کے احساس کی بات کی ہم سب مل کر فرق لا سکتے ہیں ساتھ ہی انھوں نے

قانون اور سماجی انصاف کی اہمیت کی بات کی۔ڈاکٹر مسرور نے سینٹر کی جانب سے تمام سامعین کا شکریہ ادا کیا۔

پروگرام میں بڑی تعداد میں طلبا، اسکالر اور علمی ہستیاں شریک رہیں۔حاضرین کے لیے ایک شاندار موقع تھا ایسا موقع جس میں زیادہ فعال ہوکر سوالات پوچھیں اور سماجی انصاف اور مساوات کی صورت حال کو مزید بہتر بنانے کے لیے اپنی اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی